## حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

۱۔ فتح مکہ کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشرکین کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

(الف) فدیہ لیا (ب) معاف کر دیا (ج) قتل کر دیا (د) ان میں سے کوئی نہیں

۲۔ علامہ شبلی نعمانی نے نظم میں سیدہ پاک کس کو کہا ہے؟

(الف) حضرت عائشہؓ (ب) حضرت فاطمہؓ (ج) حضرت اسماءؓ (د) حضرت ام سلمیٰؓ

۳۔ ''گاہے گاہے'' لفظ کی معنیٰ ہے۔

(الف) آہستہ آہستہ (ب) بار بار (ج) کبھی کبھی (د) تھوڑا تھوڑا

۴۔ کم گو لفظ کے معنیٰ ہے۔

(الف) کم بولنے والا (ب) کم چلنے والا (ج) کم سننے والا (د) کم سمجھنے والا

۵۔ لیاقت علی خان پاکستان کے ______ وزیرِ اعظم تھے۔

(الف) دوسرے (ب) تیسرے (ج) چوتھے (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

۶۔ ''کاتب'' اسم فاعل ہے، جس کا اسم مفعول ______ ہے۔

(الف) کتب (ب) مکتب (ج) کتاب (د) ان میں سے کوئی نہیں

۷۔ جرمن سیاح ______ زبانوں میں بات کر سکتا تھا۔

(الف) چار (ب) دو (ج) تین (د) متعدد

۸۔ حفیظ جالندھری کی نظم ''اے دو جہاں کے والی'' ایک ______ ہے۔

(الف) حمد (ب) نعت (ج) مناجات (د) قصیدہ

۹۔ ______ چار مصرعے ہوتے ہیں۔

(الف) مسدس (ب) مخمس (ج) رباعی (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۰۔ حق کیلئے جان دینا ______ ہے۔

(الف) جہاد (ب) فرض (ج) شہادت (د) زندگی

۱۱۔ پاکستان ______ کے نام پر وجود میں آیا۔

(الف) اسلام (ب) جمہوریت (ج) آمریت (د) ان میں کوئی نہیں

۱۲۔ آبدوز کشتی روشنی کیلئے ______ استعمال کرتی ہے۔

(الف) چارجر (ب) برقی بیٹریاں (ج) جنریٹر (د) برقی آلہ

---

۱۳۔ پاکستان بننے کے بعد ______ شہر کو دارالخلافہ بنایا گیا۔

(الف) لاہور (ب) کراچی (ج) راولپنڈی (د) اسلام آباد

۱۴۔ تعصب کرنے والا دانستہ برائی میں گرفتار اور ______ سے بیزار رہتا ہے۔

(الف) ترقی (ب) خوشی (ج) بھلائی (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

۱۵۔ ڈپٹی نذیر احمد نصاب میں موجود سبق ______ کے مصنف ہیں۔

(الف) [illegible] (ب) آخری ملاقات (ج) آتش بازی (ج) وطن کی خاطر

## حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ ہم نے پاکستان کس طرح لیا؟

سوال ۳۔ حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

سوال ۴۔ فاطمہ بنت عبداللہ نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں کس طرح اپنی جان قربان کی؟

سوال ۵۔ عمر کے ساتھ شیخ صاحب کی عقل میں فرق آیا؟

سوال ۶۔ مرزا غالب کی شخصیت میں کیا خوبیاں تھیں؟

سوال ۷۔ مولوی عبدالحق نے مسلم کو اپنے خط میں کیا نصیحت کی؟

سوال ۸۔ حضرت فاطمۃ الزہراؓ کے گھر کا کیا حال تھا؟

سوال ۹۔ واحد کی جمع اور جمع کی واحد لکھئے۔

شیخ توقعات بحر سطور

سوال ۱۰۔ ذیل کے الفاظ کے ساتھ لا۔ نا۔ بے اور غیر لگا کر نئے بنائیے۔

واقف حاصل دین حاضر

سوال ۱۱۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد بنائیے۔

پرائی کلی دشمن محفوظ

سوال ۱۲۔ مذکر کے مؤنث اور مؤنث کے مذکر لکھئے۔

بیگم خان گائے نائی

سوال ۱۳۔ جملہ درست کر کے لکھیں۔

بندوں۔ اپنے۔ اللہ تعالیٰ۔ کرم۔ کرتا۔ پر۔ ہے

## حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی تین سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔

---

سوال ۱۴۔ درج ذیل جز کی تشریح بحوالہ سبق کیجئے۔

''زندگی کی قدر و قیمت کا حساب اس سے نہیں لگایا جاتا کہ کون کتنے سال جیا' بلکہ یہ کس نے اپنی زندگی میں کیسے کام کیے۔''

سوال ۱۵۔ مندرجہ ذیل اشعار میں کسی بھی ایک شعر کی تشریح کیجئے۔

(الف) کچھ تم سے بھی زیادہ مقدم ہے ان کا حق  جن کو کہ بھوک پیاس سے سونا حرام تھا

(ب) روک لو گر غلط چلے کوئی  بخش دو گر خطا کرے کوئی

سوال ۱۶۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔

فضول رسمیں  قومی اور علاقائی زبانیں

سوال ۱۷۔ دو دوستوں کے درمیان میانہ روی اختیار کرنے پر مکالمہ تحریر کیجئے۔

سوال ۱۸۔ اپنے دوست کو خط لکھئے جس میں بتائیے کہ ہمیں نظریہ پاکستان کے تحفظ کیلئے کیا کرنا چاہیے؟

یا

نظم ''آمدِ بہار'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔